© rasailojaraid.com

ادارہ ہے، اسی سلسلہ میں ڈپارٹمنٹ نے ایک بین الاقوامی سیمینار منعقد کیا جس کا موضوع تھا "مذہب کے درس و مطالعہ کے نقطہ ہائے نظر" یہ سیمینار تین دن چلا اور بہت کامیاب رہا اس کی روداد انھیں دنوں میں برہان میں شائع ہوئی تھی) زیر تبصرہ کتاب انھیں مضامین کا مجموعہ ہے۔ پروفیسر ہربنس سنگھ صدر شعبہ کی خیر مقدمی تقریر اور پروفیسر کرپال سنگھ وائس چانسلر پنجابی یونیورسٹی کی افتتاحی تقریر کے علاوہ اس مجموعہ میں بیس مقالات شامل ہیں جن کی تفصیل یہ ہے۔ (۱) "مذہب کا مطالعہ ایک علمی مضمون کی حیثیت سے" گربچن سنگھ طالب۔ (۲) "مورخ کی نگاہ میں مذہب" بدھا پرکاش (۳) "روایتی اور مابعد الطبیعاتی مذہب" تارن سنگھ۔ (۴) "مذہب کا مطالعہ مذہبی طریقہ پر" انور علی فانی سوز۔ (۵) مذہب کا مطالعہ مذہبی نقطۂ نظر سے" ایچ مہیشوری۔ (۶) "مذہب کا مطالعہ معروضی نقطۂ نظر سے" پرمانند دیورکر۔ (۷) "مذہب کی تعلیم کیسے دی جائے" سعید احمد اکبرآبادی۔ (۸) "کیتھولک یونیورسٹیوں اور مدرسوں میں مذہب کی تعلیم کے طریقے" جی جیرٹ ساش۔ باقی مقالات۔ جین مذہب سیوا کا تصور، مذہب کا مطالعہ مذہبی تجربہ کے نقطۂ نظر سے، نفسیاتی نقطۂ نظر، معاملاتی نقطۂ نظر، وغیرہ چند اور موضوعات پر ہیں ایک سیمینار کا بڑا فائدہ یہی ہوتا ہے کہ کسی ایک موضوع کی نسبت جو معلومات مہینوں مطالعہ کے بعد حاصل ہو سکتی ہیں وہ دو تین دن میں حاصل ہو جاتی ہیں اور ایک ہی مضمون کے بہت سے فاضل اور محقق اساتذہ سے سوال و جواب اور پوچھ گچھ کرنے کا موقع ملتا ہے۔ چنانچہ یہاں بھی یہی ہوا۔ اس بنا پر اس کتاب کا مطالعہ دلچسپ، مفید اور پراز معلومات ہوگا۔

مسلمان اور عصری مسائل | از ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب، تقطیع متوسط ضخامت ۱۶۸ صفحات کتابت و طباعت اعلیٰ قیمت مجلد 5/50 پتہ:۔ مکتبۂ جامعہ، جامعہ نگر، نئی دہلی ۔ ۲۵

"اسلام اور عصر جدید" اردو کا بلند پایہ سہ ماہی مجلہ ہے جو ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب کی ادارت میں پابندی اور کامیابی سے نکل رہا ہے، اس میں عام مضامین و مقالات کے علاوہ ڈاکٹر صاحب موصوف کے قلم سے جو اداریے ہوتے ہیں وہ ادبی اور معنوی حیثیت

© rasailojaraid.com